وقتی ہوتے تو انہیں احادیث کی کتابوں میں اسی اہتمام سے جمع نہ کیا جاتا جس سے کہ عبادات کے احکام کو جمع کیا گیا ہے۔

مقالات ابن الہیثم | مرتبہ: جناب حکیم محمد سعید صاحب۔ شائع کردہ: ہمدرد نیشنل فاؤنڈیشن، پاکستان۔ صفحات ۱۴۳۔ قیمت درج نہیں۔

ابو علی الحسن ابن الحسن ابن الہیثم (۹۶۵ - ۱۰۳۹ ش) پہلے مسلمان ماہر طبیعیات، ہیئت دان، ریاضی دان اور طبیب تھے جنہوں نے اُس عہد میں طبیعیاتی علوم کے اندر ایسے حیرت انگیز انکشافات کیے جب یورپ تاریک ادوار سے گزر رہا تھا۔ کتاب المناظر میں پہلی بار انھوں نے نظریۂ بصارت کی وضاحت کی اور مظاہر فطرت مثلاً نور و الوان، اشعۂ نور کے انعکاس و انعطاف۔ اغلاط بصری شفق، قوس، قزح، ہالہ، مرایا، قوتِ ثقل، تحرکات، خلا، فضا و کثافت کے بارے میں ایسی ٹھوس معلومات فراہم کیں جو سائنس کے ارتقاء و ترقی میں سنگِ میل کی حیثیت رکھتی ہیں۔

زیرِ نظر مجموعہ ان بیش قیمت مقالات کا مرقع ہے جو اس نابغہ کی ہزار سالہ برسی کے موقع پر مختلف اہلِ علم نے ہمدرد نیشنل فاؤنڈیشن کے زیرِ اہتمام اجتماع میں پیش کیے۔ مقالہ نگاروں میں حکیم نعیم الدین زبیری، حکیم احمد اللہ ندوی، جناب محمد یحییٰ، پروفیسر عبد الغفور چودھری اور پروفیسر علی ناصر زیدی شامل ہیں۔ مقالات کے موضوعات یہ ہیں: ضوء القمر، اضواء الکواکب، المکان، خواص مثلث، مساحت، المرایا المحرقہ بالقطوع۔ آغاز میں حکیم محمد سعید کا فاضلانہ مقدمہ بھی شامل ہے۔

معیارِ طباعت و کتابت اونچا ہے۔ قیمت درج نہیں۔

حقیقتِ ذکر الٰہی۔ تعارف تحریک احیائے دین کتابت حدیث عہد نبوی صلی اللہ علیہ وسلم | تالیف سید ابوبکر غزنوی صاحب شائع کردہ: مکتبۂ غزنویہ۔ ۴ شیش محل روڈ لاہور۔